شرائط نیلام (E-Auction)

ٹھیکہ اڈہ فیس بالاکوٹ برائے سال 2026-27

تحصیل میونسپل ایڈمنسٹریشن بالاکوٹ

۱۔ معیاد ٹھیکہ عرصہ ایک سال از یکم جولائی 2026 تا 30 جون 2027) ہوگی۔

۲۔ کوئی بھی شخص/فرم جو محکمہ بلدیات و کسی بھی لوکل کونسل و صوبائی حکومت یا وفاقی حکومت کے کسی قسم کے بقایادار ہوں وہ بولی میں حصہ لینے کے مجاز نہ ہونگے۔

۳۔ بولی میں وہ شخص/فرم حصہ لینے کا مجاز ہوگا جو کہ لوکل کونسل بورڈ صوبہ خیبر پختونخواہ پشاور متعلقہ کلاس میں رجسٹرڈ شدہ ہو اور برائے سال 2026-27 کیلئے رجسٹریشن کی تجدید کرائی ہو۔

۴۔ صوبائی حکومت کی ہدایات کے مطابق بولی کا انعقاد بذریعہ آن لائن کھلی بولی E-Baldia/E-auction کیا جائے گا۔ آن لائن کھلی بولی کی تفصیلات/طریقہ کار محکمہ لوکل گورنمنٹ اینڈ رورل ڈویلپمنٹ ڈیپارٹمنٹ خیبر پختونخواہ پشاور کی دی گئی ویب سائٹ E-Baldiya(https://cfims.lgkp.gov.pk) پر ملاحظہ کی جاسکتی ہیں جس کے مطابق نیلامی کا شیڈول بذریعہ مشتہری اخبارات کیا جا کر مذکورہ تاریخ پر بروز سوموار اور پر دی گئی ویب سائٹ پر اپلوڈ کیا جائے گا۔ جو کہ بدھ شام 4:00 بجے تک مذکورہ ویب سائٹ پر اپلوڈ رہے گا خواہشمند حضرات سوموار بوقت صبح 9:00 بجے سے بدھ شام 4:00 بجے تک اپنی پیشکش/بولی دے سکتے ہیں۔

۵۔ (a) بولی میں حصہ لینے سے قبل ٹھیکیدار کو لازمی طور پر 5% زر بیعانہ (سیکیورٹی) تفصیل مشتہری اخبارات بصورت کال ڈیپازٹ بنام TMO بالاکوٹ جمع کروانی ہوگی۔ ویب سائٹ پر درج کی گئی کال ڈیپازٹ سے متعلق غلط یا جعلی تفصیل اپلوڈ کرنے کی صورت میں بولی دہندہ کو بلیک لسٹ کیا جائے گا۔

۶۔ کامیاب بولی دہندہ ٹھیکیدار کے لئے لازم ہے کہ وہ اگلے تین ورکنگ ایام کے اندر اندر دفتری اوقات کار میں 5% سیکیورٹی اور 15% ایڈوانس رقم جمع کرے۔ بصورت ناکامی ٹھیکہ منسوخ کر کے 5% سیکیورٹی ضبط کی جائے گی اور ٹھیکہ دوبارہ نیلام کیا جائے گا۔

۷۔ کامیاب بولی دہندہ FBR کے ساتھ رجسٹرڈ ہونے کی صورت میں 10% انکم ٹیکس اور KPPRA کی طرف سے نافذ کردہ ٹیکس جمع کروانا کا پابند ہوگا۔

۸۔ 15% فیصد رقم ٹھیکہ کی آخری قسط میں مجرائی کی جائیگی۔ جبکہ 5% زرضمانت ٹھیکیدار کو 30 جون 2027ء کے بعد واپس کردی جائیگی بشرطیکہ وہ TMA بالاکوٹ کا بقایادار نہ ہو۔ بصورت دیگر TMA بالاکوٹ بقایاجات وصول کر بقایا رقم اس کو واپس کردی گی۔

۹۔ ٹھیکہ کی منظوری کے ایک ہفتہ کے اندر اندر ٹھیکیدار کو اپنی ضمانت کے طور پر دو لوکل شخص جس کی پراپرٹی مذکورہ ٹھیکہ کے برابر ہو، اشامپ پیپر فرسٹ کلاس مجسٹریٹ سے تصدیق شدہ مہیا کرنا ہوگا اور اس کے بعد تحریری معاہدہ ہوگا۔ اگر ایسا کرنے میں ٹھیکیدار ناکام رہا تو ٹھیکہ ٹھیکیدار کی Risk & Cost پر دوبارہ نیلام کیا جائیگا۔

۱۰۔ ٹھیکیدار کل زرنیلام 11 مساوی اقساط میں جمع کرنے کا پابند ہوگا۔ پہلی قسط ماہ جولائی 2026 کے اختتام پر ٹھیکیدار ادا کرنے کا پابند ہوگا۔ اسی طرح بقیہ اقساط بھی ہر ماہ کی آخری تاریخ تک ادا کرنی ہوں گی۔

۱۱۔ اگر ٹھیکیدار مقررہ تاریخ تک ادائیگی کرنے میں ناکام رہا تو اس پر 2% یومیہ جرمانہ عائد کیا جائیگا۔ اگر ہر ماہ کی دس تاریخ تک قسط کی ادائیگی نہ کی گئی تو ٹھیکہ منسوخ کیا جائیگا اور ٹھیکیدار کی Risk & Cost پر دوبارہ نیلام کیا جائیگا۔ اور جمع شدہ رقم ایڈوانس قسط بمعہ زرضمانت بحق TMA بالاکوٹ ضبط کی جائیگی۔ جس پر ٹھیکیدار کو کوئی اعتراض کرنے کا مجاز نہ ہوگا اور نہ ہی وہ عدالت میں TMA بالاکوٹ کے فیصلے کو چیلنج کر سکے گا۔

۱۲۔ ٹھیکیدار TMA بالاکوٹ کے مقررہ شیڈول کے مطابق اڈہ فیس بالاکوٹ کی وصولی کرنے کا پابند ہوگا۔

۱۳۔ دوران ٹھیکہ وفاقی حکومت یا صوبائی حکومت کی طرف سے اگر کوئی نیا ٹیکس لگایا گیا تو ٹھیکیدار اس کی ادائیگی کا پابند ہوگا۔

۱۴۔ ٹھیکہ ایک دفعہ نیلام ہونے کے بعد کسی بھی دوسرے شخص یا فرم کے نام پر منتقل نہیں کیا جاسکے گا۔ اگر ٹھیکیدار جاری رکھنے سے معذوری ظاہر کریگا تو ایسی صورت میں ٹھیکیدار کی Risk & Cost پر منسوخ کیا جا کر دوبارہ نیلام کیا جائیگا۔

۱۵۔ کسی بھی ناگہانی آفت، بادوباراں، خشک سالی یا ہڑتال وغیرہ کی وجہ سے اگر ٹھیکیدار کو نقصان اٹھانا پڑا تو وہ اس کے ازالہ کے لئے کسی قسم کی رعائت (remission) کا مستحق نہ ہوگا۔

۱۶۔ ٹھیکیدار اور لوکل کونسل کے مابین ٹھیکہ کے متعلق کسی بھی تنازعہ کی صورت میں لوکل کونسل کے پاس اختیار ہوگا کہ وہ تنازعہ کو بذریعہ Arbitration Act 1940 کے تحت حل کریگا۔ ریجنل میونسپل آفیسر ہزارہ ریجن ایبٹ آباد ثالث مقرر ہونگے اور ثالث ایک ماہ کے اندر تنازعہ پر فیصلہ صادر کریں گے۔ جن کا فیصلہ حتمی ہوگا اور دونوں فریقین پر لازم ہوگا۔

۱۷۔ صوبائی حکومت نے ماڈل شرائط نیلام بذریعہ چھٹی نمبری NO-AO-II/LCB/6-11/2026 مجریہ 07/05/2026 جو ہدایات جاری کی ہیں ٹھیکیداران پر من وعن عمل درآمد کا پابند ہوگا۔

ٹیکس سپرنٹنڈنٹ TMA بالاکوٹ	اسسٹنٹ تحصیل آفیسر ریگولیشن TMA بالاکوٹ	تحصیل میونسپل آفیسر TMA بالاکوٹ

CS Scanned with CamScanner